شفیق فاروقی

دار العلوم کے شب و روز



۲۹ اگست ۱۹۸۰ء ــــ جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی قاضی حسین احمد صاحب تشریف لائے۔ دفتر الحق میں جناب مدیر صاحب سے تحریک اصلاح معاشرہ کے سلسلہ میں بات چیت کی۔ دوسرے دن ۳۰ اگست کو قاضی صاحب موصوف اور مدیر الحق نے جامع مسجد دار العلوم میں بعد از نماز عصر طلبہ و اساتذہ سے تحریک کے سلسلہ میں خطاب کیا اس موقع پر اتفاق سے قاری سعید الرحمان صاحب راولپنڈی اور مولانا محمد یوسف بنوری مرحوم کے فرزند مولانا محمد بنوری، (کراچی) بھی تشریف لائے تھے۔

۳۱ اگست ۱۹۸۰ء ــــ پشاور یونیورسٹی میں شیخ الحدیث مولانا عبد الحق کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی گئی (جسکی تفصیل شائع ہو چکی ہے)

۲ نومبر ۱۹۸۰ء ــــ دار العلوم کے ایک فاضل مولوی سعید الرحمان نعمانی افغانستانی کے پورے وفاق المدارس کے امتحانات دورۂ حدیث میں اوّل آنے پر دار الحدیث میں طلبہ اور اساتذہ کا ایک جلسہ ہوا جس میں بطور انعام موصوف کو کتابیں دی گئیں

۴ نومبر ۱۹۸۰ء ــــ حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ آنکھوں کا معائنہ کرانے کے سلسلہ میں لاہور تشریف لے گئے۔ جاتے ہوئے راولپنڈی کے سی ایم ایچ میں آپ نے مولانا مفتی محمود مدظلہٗ کی عیادت کی اور کچھ دیر ان کے ساتھ رہے، دوسرے دن لاہور میں ڈاکٹر راجہ ممتاز صاحب اور ڈاکٹر صاحب نے آنکھوں کا معائنہ کیا، تیسرے دن آپ لاہور سے واپس آگئے۔ لاہور میں آپ کا قیام جامع اشرفیہ نیلا گنبد میں رہا۔ امیر انجمن خدام الدین مولانا عبید اللہ انور مدظلہٗ اور دیگر حضرات آپ کی عیادت و زیارت کے لئے تشریف لائے۔ جناب مدیر الحق بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ قیام لاہور کے دوران جناب مدیر الحق نے جامعہ اشرفیہ میں شہر لاہور کے سواد اعظم اہل سنت والجماعت کی ایک میٹنگ میں مختصر خطاب بھی فرمایا جس میں شہر لاہور کے خطباء و ائمہ موجود تھے۔

وفاقی وزیر امور کشمیر | وفاقی وزیر امور کشمیر و قبائل الحاج فقیر محمد خان صاحب دار العلوم تشریف لائے آپ نے